# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر: 173/ اسٹور

مورخہ: 05/04/2022

## اشتہار برائے نیلامی ردی

دفتر ہذا کو درج ذیل نوعیت کی ردی فروخت کے لیے سیلز ٹیکس / انکم ٹیکس رجسٹرڈ اور اچھی شہرت رکھنے والی فرموں سے "جیسے ہیں اور جہاں ہے" کی بنیاد پر نیچے دی گئی شرائط کے تحت "واحد لفافہ جاتی" سر بمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | تفصیل ردی | اندازاً وزن تقریباً |
|---|---|---|
| 1 | جوابی و اضافی کاپیوں کی ردی (بمعہ کپڑے کا تھیلا) | 42000 کلوگرام |
| 2 | متفرق ردی (سوالیہ پرچہ جات سادہ خاکی لفافے کے اندر، ایوارڈ پارٹ، رول نمبر پارٹ وغیرہ) | 4000 کلوگرام |
| 3 | کچرا (خاکی کاغذ کے کپڑے والے لفافے، اخبارات، کاغذات، گتے کے ڈبے، خالی کپڑے کے تھیلے وغیرہ) | 2000 کلوگرام |

ٹینڈر بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر / بورڈ ہذا کے سہولت مرکز کو بھجوائے جا سکتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل ٹینڈر فارم مورخہ 10-05-2022 تک دفتری اوقات کار میں 01:30PM بجے پہنچ جانے چاہیں۔ یہ ٹینڈر اسی روز بوقت 02:00PM ٹینڈر دہندگان / نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ اگر ٹینڈر مورخہ 10-05-2022 کو کسی وجہ سے منسوخ ہو گیا تو ٹینڈر دوبارہ مورخہ 17-05-2022 تک دفتری اوقات کار میں 01:30PM بجے پہنچ جانا چاہیے جو اُسی روز بوقت 02:00PM ٹینڈر دہندگان / نمائندگان کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔ مزید برآں اگر ٹینڈر مورخہ 17-05-2022 کو بھی کسی وجہ سے منسوخ ہو گیا تو ٹینڈر مورخہ 24-05-2022 تک دفتری اوقات کار میں 01:30PM بجے پہنچ جانا چاہیے جو اُسی روز بوقت 02:00PM ٹینڈر دہندگان / نمائندگان کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔ "ٹینڈر برائے ردی" کا لفظ سر بمہر لفافہ پر لکھنا ضروری ہے۔ دستی بھیجا ہوا لیٹر پیڈ پر درج ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا اور مسترد تصور کیا جائے گا نیز مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

## شرائط برائے نیلامی ردی:۔

۱۔ ردی دفتری اوقات کار میں ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے ایک یوم قبل تک ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

۲۔ شرائط نامہ / ٹینڈر ڈاکومنٹس کے ہمراہ مبلغ -/2,00,000 روپے (دو لاکھ روپے) بطور زر ضمانت بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال ڈرافٹ، CDR یا پے آرڈر کی صورت میں جمع کروانا ہونگے۔ زر ضمانت چیک کسی صورت قبول نہ ہوگا۔

۳۔ ٹینڈر ڈاکومنٹس بعد از ٹینڈرنگ فیس مبلغ -/1100 روپے (ناقابل واپسی) حبیب بینک کوٹ خادم علی شاہ، ساہیوال اکاؤنٹ نمبری 0686-7900361601 کی برانچ میں جمع کروا کر دفتری اوقات کار میں نوٹس ہذا کی اشاعت سے لے کر ٹینڈر کھولنے کی تاریخ، وقت سے دو گھنٹے قبل تک حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

۴۔ خریدار کو اس امر کا سرٹیفکیٹ بھی دینا ہوگا کہ وہ جوابی کاپیوں کی ردی بازار میں فروخت نہیں کرے گا۔

۵۔ ردی کا وزن بورڈ دفتر کے تجویز کردہ کمپیوٹرائزڈ کانٹا سے کروانا ہوگا۔ مال کی پیکنگ یا وزن کروانے کی مزدوری / بار برداری اور باردانہ وغیرہ بذمہ کامیاب ٹینڈر دہندہ فرم / ٹھیکیدار ہوگا۔

۶۔ ردی دفتر کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ کے اندر اٹھانا ہوگی۔ بصورت دیگر -/1000 روپے فی یوم جرمانہ عائد ہوگا۔

۷۔ درج بالا سیریل نمبر 1 میں کامیاب ٹینڈر دہندگان کو آفر لیٹر ملنے کے بعد دس یوم کے اندر مبلغ -/5,00,000 روپے (پانچ لاکھ روپے) اور سیریل نمبر 2 اور 3 میں کامیاب ٹینڈر دہندگان کو آفر لیٹر ملنے کے دس یوم کے اندر مبلغ -/50,000 (پچاس، پچاس ہزار) روپے دفتر کے کھاتہ میں جمع کروانے ہونگے۔ ردی اُٹھانے سے قبل ہر لوڈ کی رقم مع ٹیکسز بورڈ کے اکاؤنٹ میں جمع کروانا ہوگی۔ جبکہ ابتدائی رقم مکمل ردی اُٹھانے تک بورڈ کے پاس جمع رہے گی۔

۸۔ مرکزی / صوبائی حکومت کی طرف سے عائد کردہ تمام تر سرکاری محصولات بذمہ کامیاب فرم / ٹھیکیدار ہونگے۔ ٹینڈر دہندہ پر لازم ہے کہ ٹینڈر کے ساتھ N.T.N سرٹیفکیٹس اور قومی شناختی کارڈ کی کاپی منسلک کرے۔

۹۔ نرخ فی کلوگرام علاوہ ٹیکسز کی بنیاد پر دیے جائیں۔ جن کے مطابق ردی کا وزن کر کے قیمت فرم / ٹھیکیدار سے لی جائے گی جبکہ ردی کی کل رقم پر بننے والے تمام ٹیکسز حکومت کے مروجہ قوانین کے مطابق وصول کیے جائیں گے۔ مزید برآں تخمینہ مالیت کا 0.25% کے حساب سے اشٹام پیپر برائے معاہدہ دینا ہوگا۔

۱۰۔ شرائط تفصیلات اسسٹنٹ سیکرٹری (سٹور) سے بالمشافہ یا ٹیلی فون نمبر 040-4272159 پر رابطہ کر کے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

۱۱۔ ٹینڈر بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisesahlwal.edu.pk اور PPRA پنجاب کی ویب سائٹ www.ppra.punjab.gov.pk پر ملاحظہ / ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

۱۲۔ ادارہ ہذا کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتائے ٹینڈر منسوخ کر سکتا ہے۔

(ڈاکٹر رابعہ اختر)

سیکرٹری

# ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

## ٹینڈر فارم برائے نیلامی رڈی ''جوابی کاپی ودیگر'' سال 2020ء

بورڈ ہذا کی مختلف اقسام کی ''رڈی جہاں ہے جیسے ہے'' کی بنیاد پر فروخت کرنے کے لیے سربمہر ٹینڈر جس میں نرخ فی کلوگرام (بغیر ٹیکس) آئٹم وائز درج ہوں سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے مورخہ **10-05-2022** بوقت **01:30PM** تک بنام زیردستخطی مطلوب ہیں جو کہ اسی روز حاضر ٹینڈر دہندگان /نمائندگان کی موجودگی میں بوقت **02:00PM** کھولے جائیں گے۔ اگر ٹینڈر مورخہ 10-05-2022 کو کسی وجہ سے منسوخ ہوگیا تو ٹینڈر دوبارہ مورخہ **17-05-2022** تک دفتری اوقات کار میں **01:30PM** بجے پہنچ جانا چاہیے جو اُسی روز بوقت **02:00PM** ٹینڈر دہندگان/نمائندگان کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔ مزید برآں اگر ٹینڈر مورخہ 17-05-2022 کو بھی کسی وجہ سے منسوخ ہوگیا تو ٹینڈر مورخہ **24-05-2022** تک دفتری اوقات کار میں **01:30PM** بجے پہنچ جانا چاہیے جو اُسی روز بوقت **02:00PM** ٹینڈر دہندگان/نمائندگان کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔ دستی بھیجا گیا یا مقررہ تاریخ اور وقت ختم ہونے کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا نیز PPRA رولز کے مطابق ادارہ ٹینڈر کو مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ تفصیل نیلامی رڈی درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | تفصیل رڈی | اندازاً وزن تقریباً | ریزرو پرائس (فی کلوگرام) بغیر ٹیکس | نرخ فی کلوگرام (بغیر ٹیکس) (ہندسوں میں) | نرخ فی کلوگرام (بغیر ٹیکس) (لفظوں میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی و اضافی کاپیوں کی رڈی (بمعہ کپڑے کا تھیلا) | 42000 کلوگرام | -/44 روپے فی کلوگرام | | |
| 2 | متفرق رڈی (سوالیہ پرچہ جات سادہ خاکی لفافے کے اندر، ایوارڈ پارٹ، رول نمبر پارٹ وغیرہ) | 4000 کلوگرام | -/39 روپے فی کلوگرام | | |
| 3 | کچرا (خاکی کاغذ کے کپڑے والے لفافے، اخبارات، کاغذات، گتے کے ڈبے، خالی کپڑے کے تھیلے وغیرہ) | 2000 کلوگرام | -/26 روپے فی کلوگرام | | |

**نوٹ: تمام مروجہ ٹیکس فرم کو ادا کرنا ہوں گے درج بالا خانوں میں صرف خالص ردی کے ریٹ کی پیشکش کریں جس میں ٹیکس شامل نہ ہو۔**

## شرائط:

1۔ شرائط نامہ/ٹینڈر ڈاکومنٹس کے ہمراہ مبلغ -/2,00,000 (دو لاکھ روپے) بطور ضمانت بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال ڈرافٹ، CDR یا پے آرڈر کی صورت میں میں جمع کروا کر اصل رسید ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی۔

2۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر میں دی گئی مقررہ معیاد/ تاریخ کے اندر اندر مطلوبہ انتظامات مکمل کر کے تمام ردی اٹھانا ہوگی اور مال کی پیکنگ یا وزن کروانے کی مزدوری/ باربرداری یا باردانہ وغیرہ بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں مبلغ -/1000 (ایک ہزار روپے) یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ اگر جرمانہ کے باوجود 30 دن تک فرم/ٹھیکیدار ردی نہیں اٹھائے گا تو دفتر کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معاہدہ منسوخ کر کے فرم/ ٹھیکیدار کی زرضمانت ضبط کرلے۔ تاہم ناگزیر حالات کے پیش نظر جناب چیئرمین جرمانہ کی کلی/جزوی معافی اور مدت میں توسیع کے مجاز ہوں گے۔

3۔ اس فرم کا ٹینڈر قابل قبول ہوگا جو ٹینڈر میں موجود تمام آئٹمز کے لیے ریٹ کی پیشکش کرے گی۔

4۔ فرم کو سیلز ٹیکس رجسٹریشن، انکم ٹیکس سرٹیفکیٹس اور شناختی کارڈ کی نقول ہمراہ ٹینڈر لف کرنا ہونگے اور اس امر کا حلف نامہ بھی دینا ہوگا کہ وہ جوابی کاپیوں کی ردی بازار میں فروخت نہیں کرے گا۔

5۔ نرخ فی کلوگرام کی بنیاد پر دیے جائیں اور جن کے مطابق ردی کا وزن کر کے قیمت ٹھیکیدار سے لی جائے گی جبکہ ردی کی کل رقم پر بننے والے تمام ٹیکسز علاوہ دیے گئے ریٹ ادا کرنے ہوں گے۔

6۔ ردی کے وزن میں کمی بیشی کا امکان ہو سکتا ہے۔

7۔ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں چیئرمین بورڈ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا اور فریقین پر اس کی پابندی لازم ہوگی۔

8۔ ٹینڈر ریٹس 120 روز تک کارآمد ہوں گے۔

9۔ درج بالا سیریل نمبر 1 میں کامیاب ٹینڈر دہندگان کو آفر لیٹر ملنے کے بعد دس یوم کے اندر مبلغ -/5,00,000 روپے (پانچ لاکھ روپے) اور سیریل نمبر 2 اور 3 میں کامیاب ٹینڈر دہندگان کو آفر لیٹر ملنے کے دس یوم کے اندر مبلغ -/50,000 (پچاس، پچاس ہزار) روپے دفتر کے کھاتہ میں جمع کروانے ہونگے۔ اور معاہدہ کے لیے تخمینہ مالیت کا 0.25% کے حساب سے اشٹام پیپر دینا ہوگا۔ ردّی اُٹھانے سے قبل ہر لوڈ کی رقم مع ٹیکسز بورڈ کے اکاؤنٹ میں جمع کروانا ہوگی۔ جبکہ ابتدائی رقم مکمل ردّی اُٹھانے تک بورڈ کے پاس جمع رہے گی۔

10۔ مذکورہ ٹینڈر فارم اور شرائط ٹینڈر کی کاپی مبلغ -/1100 ہزار روپے (ناقابل واپسی) بطور ٹینڈر فیس بذریعہ چالان حبیب بنک لمیٹیڈ (کوٹ خادم علی شاہ) ساہیوال برانچ کوڈ 0686 کے اکاؤنٹ نمبر 7900361601 میں جمع کروا کر ٹینڈر تاریخ اشاعت کے روز سے شعبہ سٹور سے حاصل کر سکتے ہیں۔

11۔ مرکزی وصوبائی حکومت کی طرف سے عائد کردہ تمام تر سرکاری محصولات بذمہ کامیاب فرم/ٹھیکیدار ہوں گے مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکس جمع کروا کر رسید پیش کرنا ہوگی۔

**کوائف فرم:**

۱۔فرم کا نام بمعہ ایڈریس: ____________________

۲۔سیلز ٹیکس رجسٹریشن نمبر: ____________________

۳۔انکم ٹیکس نمبر: ____________________

۴۔فرم کا فون نمبر (پی ٹی سی ایل): ____________________

۵۔ موبائل نمبر: ____________________

۶۔ CDR نمبر: __________ ۷۔ تاریخ: __________ ۸۔مالیتی: __________

۹۔نام بنک: ____________________

۱۰۔فرم کے پروپرائیٹر کا نام: ____________________

۱۱۔دستخط: __________ ۱۲۔مہر فرم: __________

ضروری نوٹ: ٹینڈر کے ہمراہ شرائط/تفصیلات وتصریحات دستخط ومہر شدہ جمع کروانا ہوں گی۔ جن پر عمل درآمد بہرصورت لازم ہوگا۔

**اسسٹنٹ سیکرٹری (سٹور)**